**پریس ریلیز**

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

1 ؍جنوری، 2015

# آر بی آئی کی عوام کو ملٹی لیول مارکیٹنگ ایکٹیوٹیز (سرگرمیوں) کے خلاف آگاہی

ریزرو بینک آف انڈیا نے عوام کو ملٹی لیول مارکیٹنگ ایکٹیوٹیز (کثیر المقاصد تجارتی سرگرمیوں) کے خلاف آگاہ کیا ہے کہ تاکہ وہ دھوکہ دہی والے فرضی اداروں کے جال میں نہ پھنسیں اور ان کا شکار ہونے سے بچیں ان اداروں کے کام کرنے کے طریقوں پر روشنی ڈالتے ہوئے ریزرو بینک نے وضاحت کی ہے کہ ایم ایل ایم/چین مارکیٹنگ/ پیرامڈ اسٹرکچر والی اسکیمیں آسانی سے اور فوری طور پر ممبرس کو فہرست میں اندراج ہوتے ہی رقم مہیا کرانے کا وعدہ کرتی ہیں۔ان اسکیموں کے تحت زیادہ تر رقم ممبروں کے فہرست میں آنے پر ان سے حاصل فیس سے لی جاتی ہے یہاں پروڈکٹ فروخت کرنے کی پیش کش سے آمدنی نہیں ہوتی ہے۔ یہ سبھی ممبروں کے لئے لازمی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ ممبر بنائیں اور اس طرح ان ممبروں سے حاصل رقم کے ایک حصہ کو پیرامڈ کے اوپری حصہ والے ممبروں کو تقسیم کردیا جاتا ہے۔ چین کے ٹوٹتے ہی پیرامڈ دھڑام ہو جاتا ہے اور پیرامڈ کے نیچے والے ممبران کو سب سے زیادہ اثر پڑتا ہے۔

ریزرو بینک نے عوام کو صلاح دی ہے کہ وہ ایسے ملٹی لیول مارکیٹنگ/ چین مارکیٹنگ/ پیرامڈ اسٹرکچر اداروں کی اسکیموں جن میں پرکشش رقم کا وعدہ کیا گیا ہو، سے دور رہیں۔ ریزرو بینک نے اس پر بار بار زور دیا ہے کہ ان پیش کش کی وجہ سے ہونے والے شکار اپنا مالی نقصان کرتے ہیں۔ لہٰذا عوام کو ان کے حق میں ہی صلاح دی جاتی ہے کہ کسی بھی ایسی پیش کش سے اپنے کو دور رکھیں۔

ریزرو بینک نے یہ بھی بتایا ہے کہ اس طرح سے ملٹی لیول مارکیٹنگ/ پیرامڈ اسٹرکچر سے حاصل رقم غیر قانونی ہے اور پرائز چٹ/منی سرکلیشن (روک) ایکٹ 1978 کے تحت کارروائی کی جاسکتی ہے۔ عوام کو چاہئے کہ وہ ایسی پیش کش کرنے والے اداروں کے خلاف اسٹیٹ پولیس میں شکایت درج کرائیں۔

**الپنا کلّہ والا**
پرسنل چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز:1383/2014-15